# 11963 ـ خاوند سے مجامعت كے بعد ماہواری آ جائے تو غسل كب كيا جائيگا ؟

**سوال**

جب خاوند بيوى سے مجامعت كرے اور بعد ميں ماہوارى شروع ہو جائے تو كيا جماع كے بعد غسل كرنا ضرورى ہے، يا كہ ماہوارى ختم ہونے كے بعد ايك بار ہى غسل كيا جائيگا ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

جب خاوند بيوى سے مجامعت كرے اور بعد ميں غسل سے قبل ہى ماہوارى شروع ہو جائے تو ماہوارى ختم ہونے سے قبل غسل نہيں كرےگى ليكن اگر وہ قرآن كى تلاوت كرنا چاہے تو اس كے ليے غسل جنابت كرنا ضرورى ہے، كيونكہ اہل علم كے راجح قول كے مطابق جنبى شخص كے ليے قرآن مجيد كى تلاوت كرنا جائز نہيں.

واللہ اعلم .